Mayor's Office of Immigrant Affairs

# نیویارک سٹی میں سینکچوئری سٹی کے قوانین



اردو | Urdu

فروری 2025

# میئر کے دفتر برائے امورِ تارکینِ وطن
# (Mayor's Office of Immigrant Affairs, MOIA)
# کی امیگریشن لیگل ہاٹ لائن

## 1-800-354-0365 پر کال کریں

### پیر تا جمعہ صبح 9 بجے سے شام 6 بجے تک

آپ کی ترجیحی زبان میں ترجمانی کی سہولت دستیاب ہے

امیگریشن سے متعلق مفت اور خفیہ قانونی مدد کے لیے تارکین وطن نیویارکرز MOIA کی امیگریشن لیگل سپورٹ ہاٹ لائن پر کال کر سکتے ہیں۔

### نیو یارک سٹی کی 24/7 ہاٹ لائن

## 311 پر کال کریں

### "Immigration" (امیگریشن) کہیں

ترجمانی کی سہولت دستیاب ہے

امیگریشن کا قانون پیچیدہ ہے۔ امیگریشن کے قانونی فراڈ یا جعل ساز فراہم کنندگان سے ہوشیار رہیں جو جھوٹے وعدے کر سکتے ہیں۔


یاد رکھیں: پبلک نوٹری جو لائسنس یافتہ وکیل نہیں ہے وہ آپ کی طرف سے امیگریشن فارم پُر یا جمع نہیں کرا سکتا۔ انہیں آپ کو قانونی مشورہ بھی نہیں دینا چاہیے۔

---

NYC Mayor's Office of Immigrant Affairs

یہ کتابچہ صرف عمومی معلومات فراہم کرنے کے لئے ہے، قانونی مشورہ نہیں ہے۔

نیو یارک تمام نیو یارکرز کی زندگیوں کی قدر کرتا ہے۔ آپ کی امیگریشن کی حیثیت سے قطع نظر ہم چاہتے ہیں کہ آپ یہاں رہتے ہوئے محفوظ محسوس کریں۔





یہ کتابچہ صرف عمومی معلومات فراہم کرنے کے لئے ہے، قانونی مشورہ نہیں ہے۔

## سٹی کے پاس ایسے قوانین ہیں جن کا مقصد آپ کی رازداری کا تحفظ کرنا ہے۔

اگر آپ کے ذہن میں سوالات ہیں کہ کوئی ایجنسی آپ سے جمع کردہ معلومات کو کس طرح استعمال کرنے کا ارادہ رکھتی ہے تو آپ ان سے پوچھ سکتے ہیں۔

## نیو یارک سٹی کے قوانین تمام سٹی ایجنسیوں کے لیے حدود کا تعین کرتے ہیں کہ وفاقی امیگریشن کے نفاذ میں مدد کے لیے سٹی کی املاک، وقت، اور وسائل کو کس حد تک استعمال کیا جا سکتا ہے۔

## نیو یارک سٹی کے سینکچوئری سٹی قوانین کا **مطلب** یہ **نہیں ہے** کہ نیو یارک سٹی میں کسی کو بھی جلاوطن (ڈی پورٹ) نہیں کیا جائے گا۔

میں اپنی حفاظت کیسے کر

سکتا/ سکتی ہوں؟

# 1

# اپنے خاندان کے ساتھ مل کر ایک پلان بنائیں۔

**ایک ہنگامی رابطہ (ایمرجنسی کانٹیکٹ) منتخب کریں اور ان کا فون نمبر زبانی یاد کر لیں۔** ہنگامی رابطہ کوئی ایسا شخص ہو سکتا ہے جس پر آپ اعتماد کرتے ہوں جیسے کہ خاندان کا فرد، دوست، کمیونٹی لیڈر، یا وکیل۔

**اپنی دستاویزات کو منظم کریں** اور انہیں کسی ایسی محفوظ جگہ پر رکھیں جہاں آپ کے ہنگامی رابطوں کی رسائی ہو۔

**اسٹینڈ بائے سرپرست کا انتخاب کریں:** کوئی ایسا شخص جس پر آپ اعتماد کرتے ہوں کہ اگر آپ کو حراست میں لیا جائے تو وہ آپ کے بچے کی دیکھ بھال کرے گا۔ اسٹینڈ بائے سرپرستوں کے پاس اپنی دیکھ بھال میں موجود بچے کے لیے اہم فیصلے کرنے کا اختیار ہوتا ہے بشمول بڑے طبی فیصلے اور یہ فیصلہ کہ بچہ کس اسکول جائے گا۔

2

حکام کے ساتھ کسی بھی مشکل میں پڑنے سے گریز کریں۔

3

آپ کو قانون نافذ کرنے والے افسران کے ساتھ جسمانی طور پر الجھنے سے گریز کرنا چاہیے۔

4

کسی بھی مجرمانہ سرگرمی میں ملوث نہ ہوں۔

# میئر کے دفتر برائے امورِ تارکینِ وطن
# (Mayor's Office of Immigrant Affairs, MOIA)
# کی امیگریشن لیگل ہاٹ لائن

## 1-800-354-0365 پر کال کریں

**پیر تا جمعہ صبح 9 بجے سے شام 6 بجے تک**

آپ کی ترجیحی زبان میں ترجمانی کی سہولت دستیاب ہے

امیگریشن سے متعلق مفت اور خفیہ قانونی مدد کے لیے تارکین وطن نیو یارکرز MOIA کی امیگریشن لیگل سپورٹ ہاٹ لائن پر کال کر سکتے ہیں۔

# نیو یارک سٹی کی 24/7 ہاٹ لائن

## 311 پر کال کریں

**"Immigration" (امیگریشن) کہیں**

ترجمانی کی سہولت دستیاب ہے


NYC Mayor's Office of Immigrant Affairs

یہ کتابچہ صرف عمومی معلومات فراہم کرنے کے لئے ہے،
قانونی مشورہ نہیں ہے۔

## نوٹس:

**www.nyc.gov/knowyourrights**

## تازہ ترین معلومات کے لیے،



- اپنے فون کا کیمرہ نیچے دیے گئے QR کوڈ کی طرف کریں اور چند سیکنڈ کے لیے ساکت رکھیں۔
- معلومات تک رسائی کے لیے ظاہر ہونے والے نوٹیفکیشن پر ٹیپ کریں۔